www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | اتوار 14 ذوالحجہ 1447 | 31 مئی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 324
PTCL 081-2827345 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | 081-2827344 | BC-m-1 رجسٹرڈ | قیمت 35 روپے

بلوچستان کی خوشحالی ہماری اولین ترجیح، گوادر ملکی معاشی ترقی اور بحری تجارت کا اہم مرکز بن چکا، سرفراز بگٹی

گوادر میں نئی فضائی سروسز کے آغاز سے سیاحت، تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع میں اضافہ ہوگا، مقامی سطح پر معاشی سرگرمیوں کو نئی جہت ملے گی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

گوادر کو عالمی معیار کے اقتصادی اور تجارتی مرکز کے طور پر ترقی دینے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، پیش رفت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کوششوں کا ثمر ہے

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ساؤتھ ایئر کی کامیاب آزمائشی پرواز بلوچستان کے روشن مستقبل، بہتر سفری سہولیات اور اقتصادی خوشحالی کی جانب ایک مثبت اور حوصلہ افزا پیش رفت ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (ن ل) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ساؤتھ ایئر کی پہلی کامیاب آزمائشی پرواز کی لینڈنگ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بلوچستان کی ترقی، بہتر سماجی و اقتصادی سرگرمیوں کے فروغ کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ساؤتھ ایئر کی جانب سے فضائی آپریشنز کے آغاز کے گوادر کو ملک کے مختلف اہم شہروں سے جوڑنے اور جدید فضائی رابطہ مہیا کرنے کا، جس سے عوام کو نمایاں سفری سہولت، تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی سطح پر معاشی سرگرمیوں کو بھی جہت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بہتر فضائی رابطے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور مقامی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس پیش رفت کو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کوششوں کا ثمر قرار دیتے ہوئے کہا کہ گوادر کی ترقی حکومت ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سنیاسی بھوسلی وزیر اعلیٰ نو رحمد مرشد میں منصب کے لئے گئے سی ٹی ڈی کیمروں کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

بجٹ میں الیکٹرک گاڑیوں و شمسی پینلز پر ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ

آئی ایم ایف کے دباؤ پر الیکٹرک وہیکلز اور ہائبرڈ گاڑیوں پر جنرل سیلز ٹیکس میں بھاری اضافے کی تجاویز تیار کر لی گئیں ہیں

آئی ٹو پالیسی کے اجرا سے قبل ہی صارفین اور صنعت کو نئی مشکلات کا سامنا، ٹیکسٹائل انڈسٹری کا بجٹ میں بڑے ریلیف کا مطالبہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) آئندہ مالی سال 2026/27 کے وفاقی بجٹ میں الیکٹرک گاڑیوں اور شمسی پینلز پر ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے جبکہ ٹیکسٹائل سیکٹر نے بجلی اور گیس میں ریلیف دینے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نئے مالی سال 27-2026 کے بجٹ کی تیاریوں میں حکومت مختلف تجاویز پر غور کر رہی ہے، جن میں آئو پالیسی کے اجراء کے قبل ہی صارفین اور صنعت کو نئی مشکلات ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ادائیگی کے بعد آنیوالے نجاح کرام کا ایئرپورٹ پر استقبال کیا جا رہا ہے

خطے میں چین کی فوجی سرگرمیوں اور دفاعی توسیع پر جائز خدشات ہیں، ایک غیر ضروری محاذ آرائی نہیں چاہتا، صدر ٹرمپ امریکی مفادات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرینگے، وزیر دفاع

امریکہ سے ابھی کوئی معاہدہ نہیں ہوا، فوجی مشیر ایرانی سپریم لیڈر محسن رضائی

امریکی صدر سفارتکاری سے تیسری بار فرار ہو رہے ہیں، بدستور بحری ناکہ بندی، مذاکرات میں ضرورت سے زائد مطالبات امریکہ کی غیر سنجیدگی کا واضح ثبوت ہیں، فوجی مشیر کی وضاحت

اگر معاہدہ نہ ہو سکا تو امریکا ایران پر دوبارہ حملے شروع کرنے کے لیے تیار ہے اور اس مرتبہ ہماری صلاحیت اور اہلیت اب کہیں زیادہ ہے، امریکی وزیر دفاع کا سنگاپور میں فورم سے خطاب

بیانات کا تبادلہ جاری ہے، لیکن ابھی تک کوئی حتمی معاہدہ طے نہیں پایا، وزارت خارجہ ایران، اجازت کے بغیر آبنائے ہرمز سے سفر کی کوشش کے نتائج خطرناک ہوں گے، خاتم الانبیاء ہیڈ کوارٹرز

تہران، واشنگٹن (مرذ، ٹیلی ایکسپلیس) ایرانی سپریم لیڈر کے فوجی مشیر محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکی صدر سفارتکاری سے تیسری بار فرار ہو رہے ہیں، امریکہ سے ابھی کوئی معاہدہ نہیں ہوا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جاری بیان میں محسن رضائی نے کہا کہ بدستور بحری ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں آسٹریلیا کو 5 وکٹ سے ہرا دیا

تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان کو جیت کیلئے آسٹریلیا نے 201 رنز کا ہدف دیا

بابر اعظم 69 اور غازی غوری 65 رنز بنا کر نمایاں رہے عرفات منہاس کی 32 رنز کے عوض 5 وکٹیں

راولپنڈی (زاہد اللہ خان) راولپنڈی میں کھیلے گئے پہلے میچ میں پاکستان نے آسٹریلیا کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ پاکستان کے خلاف آسٹریلیا کی پوری ٹیم 45 ویں اوور میں 200 رنز پر آؤٹ ہو گئی۔ آسٹریلیا کی جانب سے بیٹسمین ورن شیلڈ نے 61 بیٹھیں شارٹ ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر: پہلی آزمائشی پرواز انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ

پرواز کے لیے ساؤتھ ایئر کا ATR 72-600 طیارہ استعمال کیا گیا

گوادر (ن ل) بلوچستان کے ساحلی اور اقتصادی اہمیت کے حامل شہر گوادر میں فضائی رابطوں کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں ساؤتھ ایئر پرائیویٹ لمیٹڈ کی پہلی آزمائشی (Proving) پرواز کامیابی کے ساتھ نیو گوادر انٹرنیشنل ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ہرمز سے گزرنیوالے جہازوں سے ٹیکس لیا جا سکتا ہے، قطر

ٹیکس وصولی عارضی جائز، مستقل بنیادوں پر نہیں لیا جا سکتا، نائب وزیر اعظم

دوحہ (مرذ) قطر نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں سے عارضی طور ٹیکس وصولی جائز قرار دے دیا تاہم مستقل بنیادوں پر اس ٹیکس کو ناجائز قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کوئی تنہا ہے مستردکر دیا۔ بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ محمد یاسر عرفات نے کہا کہ قطر کے نائب وزیر اعظم شیخ سعود عبدالرحمان ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی پی او پولیس بلوچستان محمد طاہر بریگیڈ ہونے والے ایس پی سیکورٹی محمد مبشر اچیزئی کو وفاقی شیلڈ دے رہے ہیں

بلوچستان کے پہلے ایئر ایمبولینس ہیلی کاپٹر کا افتتاح

ایمرجنسی طبی سہولیات کی فراہمی میں اہم پیش رفت، 24 گھنٹے فعال رہنے والی سروس کا آغاز

ہیلی کاپٹر کی سہولت سے دور دراز علاقوں کے مریضوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی ممکن ہوگی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا ایمرجنسی طبی خدمات کو مضبوط بنانے کا عزم، ہر ضلع تک رسائی کا ہدف

ایمرجنسی طبی خدمات کو مضبوط بنانے کیلئے ایمبولینس سروس کا آغاز

سابق صوبائی وزیر بیگی خان صرصیر بلوچ والوں سے بات چیت کر رہے ہیں

جنید اکبر کی گرفتاری اور صوبہ بدری جمہوری اقدار پر حملہ ہے، سید صادق آغا

بی آئی رہنماں کو بی بی انتخابات سے دور رکھنے کی سازشیں کامیاب نہیں ہوں گی

قارم 47 کی حکومت اوتھے جتھنڈو ہے عوامی مینڈیٹ نہیں چھپا سکتی، PTI کا بلوچستان

کوئٹہ (این این اے) بلوچستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے تحریک انصاف گلگت بلتستان کے صدر جنید اکبر اور ساتھیوں کی گرفتاری اور انہیں صوبہ بدر کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام سیاسی انتقام، جمہوری اقدار کی پامالی اور گلگت بلتستان کے انتخابات میں تحریک انصاف کی عوامی مقبولیت سے خوفزدہ حاسد حکمرانی ایک منظم سازش ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ قارم 47 کی بنیاد پر قائم کردہ حکومت نے سیاسی مخالفین کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی نئی مثالیں قائم کر دی ہیں۔ حکومت عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے سیاسی کارکنوں اور رہنماں کو ہراساں کرنے میں مصروف ہے، جو جمہوری نظام اور آئینی حقوق کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنید اکبر کی گرفتاری کوئٹہ (این این اے) بلوچستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے تحریک انصاف گلگت بلتستان کے صدر جنید اکبر اور ساتھیوں کی گرفتاری اور انہیں صوبہ بدر کرنے کے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام سیاسی انتقام، جمہوری اقدار کی پامالی اور گلگت بلتستان کے انتخابات میں تحریک انصاف کی عوامی مقبولیت سے خوفزدہ حاسد حکمرانی ایک منظم سازش ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ قارم 47 کی بنیاد پر قائم کردہ حکومت نے سیاسی مخالفین کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی نئی مثالیں قائم کر دی ہیں۔ حکومت عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے سیاسی کارکنوں اور رہنماں کو ہراساں کرنے میں مصروف ہے، جو جمہوری نظام اور آئینی حقوق کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنید اکبر کی گرفتاری



جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبدالرشید پشتینی سے افگی و بابگلو، مرکز و اقارب میڈیا رہے ہیں

بنگرئی ایک بہادر محنتی اور تعلیم یافتہ قوم ہے، عالم جان بنگرئی

قومی شعوری آگاہی کیلئے قائد سردار کمال خان بنگرئی کی کاشیں ناقابل فراموش ہیں

افگی رہنمائی ہمارے لیے مشعل راہ ہے، ان کے زیر سایہ بنگرئی قوم کا مستقبل محفوظ ہے

کوئٹہ (اپرار بورٹر) معزز قومی شخصیت بیتھل پارٹی کے سینئر رہنما عالم جان بنگرئی نے کہا ہے کہ قوم بنگرئی بیدار قوم اور ہم قوم ہاتھ ہے، اس کے صمود و آگاہی کیلئے اپنے قائد سردار کمال خان بنگرئی کی کاشیں بھول نہیں سکتے ہیں۔ قوم بنگرئی میں آج جو شعور آیا ہے یہ سردار صاحب کی انتھک محنت اور جدوجہد کا ثمر ہے، انہوں نے مشرق سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بنگرئی قوم سے گہری محبت اور وفاداری کا اظہار کرتے ہوئے قوم کی بہادری اور محنت اور فرمانبرداری کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ بنگرئی قوم بہادر اور محنتی ہے، انہوں نے مشرق سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بنگرئی قوم سے گہری محبت اور وفاداری کا اظہار کرتے ہوئے قوم کی بہادری اور محنت

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بیلہ میں پارہ 46 سینٹی گریڈ تک جا پہنچا، زندگی بری طرح متاثر

وندر (ایاز احمد) ضلع لسبیلہ وسیع حب کے مختلف علاقوں میں شدید گرمی کی لہر نے ڈیرے ڈال دیے ہیں، جہاں سورج کی آگ برساتی تپش نے باعث بلند میں پارہ 46 سینٹی گریڈ تک جا پہنچا ہے، جس سے بازار اور سڑکیں عملی طور پر ویران نظر آنے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق، علاقے میں شدید گرمی نے معمولات زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے اور شہری گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے ریکارڈ کے مطابق، بیلہ میں پارہ 46 اور اھل میں 42، حب میں 36 اور وندر میں 34 سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا، تاہم ساحلی پٹی سے نزدیک ہونے کے باعث حب، وندر اور سونمیانی ڈام میں گرم درجہ حرارت کے باوجود موسم اپنی گرم اور حبس زدہ کیفیت کو برقرار رکھے ہوئے ہے، جس سے شہریوں کو سانس لینے اور روزمرہ کے کاموں میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دوسری جانب، اس شدید تر گرمی اور بلند درجہ حرارت کے موسم میں سیلبیلہ اور حب کے مختلف علاقوں میں کے الیکٹرک کی جانب سے جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بار بار بجلی کی آنکھ مچولی نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے۔ شہریوں کے سخت احتجاج کرنے ہوئے شکایت کی ہے کہ اس چیش میں بجلی کی تھمنوں کی طرح سرد موسم اور ناقابل برداشت ہے، جس کے باعث لوگ سایہ دار مقامات اور خنک مشروبات کا سہارا لینے پر مجبور ہیں۔

غیر ملکی وفود کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی، آئی جی اسلام آباد

عوام بلا خوف اپنے اہل خانہ کے ساتھ تفریحی مقامات کا رخ کریں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ شہریوں کی سہولت، تحفظ اور مقامات پر عوام کو بغیر رکاوٹ یا اضافی تشویش کے گھومنے کے لیے موجود ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ عوام کے بھرپور تعاون، ذمہ دارانہ رویے اور پولیس کی مؤثر حکمت عملی کے باعث عیدالاضحیٰ کے موقع پر وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مثالی فضا برقرار رہی، جس پر تمام شہری مبارکباد کے مستحق ہیں۔

تفصیلات اور ایک ایک کی سالگرہ تفریحی مقامات کا رخ کریں اپنے اہل خانہ کے ساتھ تفریحی مقامات کا رخ کریں، اسلام آباد پولیس ہر طرح ان کی حفاظت اور معاونت کے لیے موجود ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ عوام کے بھرپور تعاون، ذمہ دارانہ رویے اور پولیس کی مؤثر حکمت عملی کے باعث عیدالاضحیٰ کے موقع پر وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مثالی فضا برقرار رہی، جس پر تمام شہری مبارکباد کے مستحق ہیں۔

جدید نگرانی کے نظام سے جرائم کی روک تھام ممکن ہو سکے گی، نور محمد دوہڑ

امن اور عوامی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر خوراک

عوام کو سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے امن و امان کے حوالے سے بہتری آئے گی، افتتاحی تقریب سے خطاب

سنجاوی (ف ن) صوبائی وزیر خوراک و جنریشن | بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دوہڑ نے تحفظ کے لیے قصب کے چیک والے سی سی ٹی وی کیمروں کے منصوبے کا افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دوہڑ کے کہا کہ جدید نگرانی کے نظام سے جرائم کی روک تھام، عوامی تحفظ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ سنجاوی کی ترقی، امن اور عوامی سہولیات ہے اور اس سلسلے میں کئی اقدامات جاری ہیں کے۔ انہوں نے کہا کہ امن ترقی کا ضامن ہے امن و امان کا قیام سب کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ہم علاقے سے نفرتوں اور جرائم کا خاتمہ کرنے کے عوام کو سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے امن و امان کے حوالے سے بہتری آئے گی اور جرائم کا خاتمہ ہوگا تقریب سے کو مقامی سرکاری افسران، سیاسی و قومی قائدین اور معزز شہریوں نے بھی شرکت کی۔

اسلام آباد، بھکی قیچ پرواز کے دوران واپس پلٹنے والوں کا ایئرپورٹ مینجمنٹ و سیکیورٹی کا عملہ استقبال کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کا پولیس افسران و جوانوں کو خراج تحسین

شہریوں نے اسلام آباد پولیس کے سکیورٹی انتظامات کو سراہا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا عید الاضحیٰ پر مؤثر ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران و جوانوں کو خراج تحسین۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اسلام آباد پولیس نے نماز عید، تقریبی مقامات، مارکیٹس اور اہم شاہراہوں پر مثالی سکیورٹی فراہم کی۔ شہریوں نے اسلام آباد پولیس کے سکیورٹی انتظامات کو سراہا اور تقریبی مقامات پر بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں موثر پیٹرولنگ، اہم سرکاری و نجی تنصیبات اور مرکزی شاہراہوں پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا گیا، جس کے نتیجے میں شہریوں نے پرامن اور خوشگوار ماحول میں عید کی خوشیاں منائیں۔

چین، پنتھو تو اپ ضلع جون کے قائم مقام کمشنر ڈی جمال خان، چکنری جلسہ عام کی قرار دادیں پیش کر رہے ہیں

عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، میر سلیم کھوسہ

منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں گی، وزیر مواصلات و تعمیرات

حالیہ بجٹ میں مفاد عامہ کے لیے خطیر فنڈز رکھے گئے ہیں، پارلیمانی لیڈر مسلم لیگ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ کہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں محکمے کی بہتری اولین ترجیح ہے عوام کی سہولت یقینی بنانے کے لیے تمام منصوبوں پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے جن کی تکمیل عوام کو سفری سہولیات میں آسانی ہوگی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ وہ عوام کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں جس سے عوام استفادہ حاصل کرسکیں وہ اپنے حلقے کے پابند ہیں شاہراہوں کی تعمیر و توسیع پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے جن کی تکمیل عوام کو سفری سہولیات میں آسانی ہوگی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ وہ عوام کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں جس سے عوام استفادہ حاصل کرسکیں وہ

اوگرا نے غیر قانونی ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا

پیٹرول اور ڈیزل حب کے مقام پر غیر قانونی ذخیرہ کیا گیا تھا

سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کی گئی، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) آئل ایند گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے لاکھوں لیٹر غیر قانونی ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا۔ اوگرا کا کہنا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل حب کے مقام پر غیر قانونی ذخیرہ کیا گیا تھا، پیٹرول ڈیزل غیر قانونی طور پر ایک آئل ڈپو

پاکستان سمیت دنیا بھر میں والدین کا عالمی دن آج منایا جائے گا

جنایان (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں والدین کا عالمی دن (کل) تجم جون کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد بچوں کی بہتر تربیت میں والدین کے کردار کو اجاگر کرنا ہے اس دن کے حوالے سے جنایان سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مقررین اعلیٰ شخصیت کے کنفرنس میں والدین کے کردار کو خراج تحسین پیش کریں گے ۔اقوام متحدہ کے زیر اہتمام پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم والدین 2012ء سے منایا جا رہا ہے۔

ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں 200 فیصد اضافہ کیا جائے، شیر محمد بلوچ

ریلوے ملازمین کو نظر انداز کرنے کیخلاف ملک گیر احتجاج کریں گے، محمد سلیم سرپرہ

حکومت سے تنخواہوں، الاؤنسز اور پنشن میں خاطر خواہ اضافے کا مطالبہ کیا ہے، محمد نصیر راجپوت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن نے وفاقی بجٹ 2026-27 میں ریلوے ملازمین کو نظر انداز کیے جانے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے حکومت سے تنخواہوں، الاؤنسز اور پنشن میں خاطر خواہ اضافے کا مطالبہ کیا ہے۔ یونین کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد علی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید بینجل، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید، وائس چیئرمین حسن خان کھتران، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عاقل خان مگسی، سینئر نائب صدر عمران جان، میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ اور دیگر عہدیداران نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مہنگائی کے باعث ریلوے ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔

جبکہ حکومت کی جانب سے ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے کوئی مؤثر اقدام سامنے نہیں آیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی بجٹ میں تمام ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں کم از کم 200 فیصد اضافہ کیا جائے تاکہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات کا مقابلہ کیا جا سکے۔ اسی طرح کنوینس اور میڈیکل الاؤنس میں بھی 200 فیصد اضافے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ موجودہ الاؤنسز ملازمین کی بنیادی ضروریات پورا کرنے کے لیے ناکافی ہیں۔ یونین رہنماؤں نے ریٹائرڈ ملازمین کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے پنشن میں 100 فیصد اضافے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ موجودہ مہنگائی حالات میں پنشنرز کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ مزید برآں انکوئیری اور ای بی ایل سے ملازمین کو فوری طور پر مستثنیٰ کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر بجٹ 2026-27 میں ریلوے ملازمین کے مطالبات کو شامل نہ کیا گیا تو ملک بھر میں احتجاجی تحریک شروع کی جا سکتی ہے۔ یونین کے مطابق پہیہ جام ہڑتال، احتجاجی دھرنوں اور پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے مظاہرے سمیت تمام آئینی و جمہوری آپشنز زیر غور ہیں۔ رہنماؤں کا کہنا ہے کہ ریلوے پاکستان کے اہم ترین اداروں میں سے ایک ہے اور اس کی ترقی و بہتری کے لیے ملازمین کا معاشی تحفظ ناگزیر ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بجٹ کی تیاری کے دوران ریلوے ملازمین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور ان کے جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں۔

بہاولپور، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

کاؤنٹر نارکوٹکس فورس نے 475 کلوگرام منشیات برآمد کر لی

بہاولپور (آن لائن) کاؤنٹر نارکوٹکس فورس (سی این ایف) بہاولپور نے منشیات کے منظم نیٹ ورک کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 475 کلوگرام منشیات برآمد کر لی جبکہ ایک خاتون سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ حکام کے مطابق کارروائیاں 28 اور 29 مئی 2026ء کی درمیانی شب اعلیٰ حکام کی ہدایات کی روشنی میں سی این ایف بہاولپور کے مختلف علاقوں میں کی گئیں۔ سی ایف بہاولپور کے ایک بیان کے مطابق ایک مشکوک گاڑی کے قریب پکڑ، جہاں ایک منشیات فروش اپنے ایک ساتھی کو 32 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ کارروائی کے دوران ملزم عمر اعیار کو گرفتار کر لیا گیا۔ حکام کے مطابق ملزم سے حاصل ہونے والی معلومات کی بنیاد پر شاکر سموز، ہاری میں خاوند اپ آپریشن کیا گیا، جہاں منشیات کے ذخیرے کا

کوئٹہ قلاتی و سیاسی رہنما ملک خان اچکزئی کے مختلف شخصیات کا عید کی مبارکباد دینے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلوچستان میں پائیدار امن سیاسی استحکام ناگزیر ہے، چوہدری شبیر

ہمارا صوبہ اس وقت ایک نازک سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال سے گزر رہا ہے

قومی سیاسی قیادت، بلوچستان کے حوالے سے اپنے فیصلوں پر نظر ثانی کریں، رہنما ن لیگ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور خوشحالی کے لیے وسیع قومی سیاسی حکمت عملی ناگزیر ہے یہ بات انہوں نے عید کے موقع پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان اس وقت ایک نازک سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال سے گزر رہا ہے۔ ایسے حالات میں روایتی سیاسی طرز نظر اور محدود اتحادی سوچ اب اور حتمی اتحادی فیصلے مسائل کا مستقل حل فراہم نہیں کر سکتے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ قومی سیاسی قیادت، خصوصاً پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت، بلوچستان کے حوالے سے اپنے موجودہ حکمتِ عملی اور سیاسی فیصلوں پر سنجیدگی سے نظرِ ثانی کرے۔ بلوچستان کے حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ وفاقی، صوبائی اور قومی سطح پر سیاسی مفاہمت کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی اعتماد میں لے، ایک وسیع الجہاد پالیسی اور جامع حکمت عملی وضع کی جائے، جس میں تمام اہم سیاسی جماعتوں، قوم پرست قیادت، قبائلی معززین، نوجوان نمائندوں، پارلیمانی قوتوں اور سیاسی شخصیات کو ساتھ شامل کیا جائے۔ کیونکہ بلوچستان جیسے حساس اور اہم صوبے کو محض سیاسی تجربات یا محدود اختیارات کے ذریعے نہیں چلایا جا سکتا۔ ملک بھر میں سیاسی قیادت کے صوبے کو حقیقی معنوں میں سیاسی استحکام، معاشی ترقی، عوامی شمولیت اور بلوچستان کی طرف سے اپنے فیصلوں پر اجتماعی اور دور اندیش فیصلے کیے جائیں۔ یہی مضبوط بلوچستان اور مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے۔

ٹنک ٹاکر حکیم بابر کو مبینہ طور پر شربت میں زہریلی چیز پلا دی گئی

مرور چوز اور صفدر نے انہیں شربت پلایا، طبیعت خراب ہوئی، ہسپتال داخل

سہیوال (آن لائن) ضلع سہیوال میں معروف ٹنک ٹاکر حکیم بابر کو مبینہ طور پر شربت میں زہریلی چیز پلا دی گئی، جس کے بعد ان کی طبیعت خراب ہوگئی اور انہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق معروف ٹنک ٹاکر حکیم بابر عبدالباقی کے موقع پر قتادیہ بلیکو والا کے علاقے موضع کوٹلی کھوکھراں آئے تھے، جہاں مبینہ طور پر مرور چوز اور صفدر نے انہیں شربت پلایا، جس کے بعد ان کی طبیعت خراب ہوگئی۔ حکیم بابر کو علاج کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سہیوال منتقل کیا گیا، جہاں کے مطابق صفدر اور مرور چوز کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ متاثرہ شخص کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ حکیم بابر نے الزام عائد کیا ہے کہ دونوں ملزمان نے ٹنک ٹاک پر ان کی شہرت سے حسد کی وجہ سے یہ اقدام کیا۔ تاہم ایم ایس ٹی ایچ کیو سہیوال کے مطابق ابتدائی طبی معائنے میں زہر کے شواہد نہیں ملے۔ ایم ایس کے مطابق حکیم بابر کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے جبکہ مبینہ زہر فراہم کرنے والا زہریلی بگھوا دیے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ راولپنڈی کے رہائشی حکیم بابر کوٹلی کھوکھراں میں دعوت پر آئے تھے، جبکہ صفدر اور علی کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

کوئٹہ عید کے چھٹیوں کے دوران سنگلی روڈ ویران نظر آ رہا ہے

جدید نگرانی کے نظام سے جرائم کی روک تھام ممکن ہو سکے گی، نور محمد دوہڑ

امن اور عوامی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر خوراک

عوام کو سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے امن و امان کے حوالے سے بہتری آئے گی، افتتاحی تقریب سے خطاب

سنجاوی (ف ن) صوبائی وزیر خوراک و جنریشن | بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دوہڑ نے تحفظ کے لیے قصب کے چیک والے سی سی ٹی وی کیمروں کے منصوبے کا افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دوہڑ نے کہا کہ جدید نگرانی کے نظام سے جرائم کی روک تھام، عوامی تحفظ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ سنجاوی کی ترقی، امن اور عوامی سہولیات ہے اور اس سلسلے میں کئی اقدامات جاری ہیں کے۔ انہوں نے کہا کہ امن ترقی کا ضامن ہے امن و امان کا قیام سب کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ہم علاقے سے نفرتوں اور جرائم کا خاتمہ کرنے کے عوام کو سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے امن و امان کے حوالے سے بہتری آئے گی اور جرائم کا خاتمہ ہوگا تقریب سے کو مقامی سرکاری افسران، سیاسی و قومی قائدین اور معزز شہریوں نے بھی شرکت کی۔

اسلام آباد، بھکی قیچ پرواز کے دوران واپس پلٹنے والوں کا ایئرپورٹ مینجمنٹ و سیکیورٹی کا عملہ استقبال کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کا پولیس افسران و جوانوں کو خراج تحسین

شہریوں نے اسلام آباد پولیس کے سکیورٹی انتظامات کو سراہا ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا عید الاضحیٰ پر مؤثر ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران و جوانوں کو خراج تحسین۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اسلام آباد پولیس نے نماز عید، تقریبی مقامات، مارکیٹس اور اہم شاہراہوں پر مثالی سکیورٹی فراہم کی۔ شہریوں نے اسلام آباد پولیس کے سکیورٹی انتظامات کو سراہا اور تقریبی مقامات پر بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں موثر پیٹرولنگ، اہم سرکاری و نجی تنصیبات اور مرکزی شاہراہوں پر فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا گیا، جس کے نتیجے میں شہریوں نے پرامن اور خوشگوار ماحول میں عید کی خوشیاں منائیں۔

چین، پنتھو تو اپ ضلع جون کے قائم مقام کمشنر ڈی جمال خان، چکنری جلسہ عام کی قرار دادیں پیش کر رہے ہیں

اوگرا نے غیر قانونی ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا

پیٹرول اور ڈیزل حب کے مقام پر غیر قانونی ذخیرہ کیا گیا تھا

سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کی گئی، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) آئل ایند گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے لاکھوں لیٹر غیر قانونی ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا۔ اوگرا کا کہنا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل حب کے مقام پر غیر قانونی ذخیرہ کیا گیا تھا، پیٹرول ڈیزل غیر قانونی طور پر ایک آئل ڈپو

پاک، آرمی میچ کیلیے موثر سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کیے گئے ہیں، سی پی او پنڈی

پولیس کے 4500 سے زائد افسران سکیورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں

کے ہیں، سی پی او، ایک آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کے لئے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جا رہا ہے، سی پی او سید خالد محمود بھاٹی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان بمقابلہ آسٹریلیا کرکٹ سیریز 2026ء راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں دن نے 2 بجے، سی پی او سید خالد محمود بھاٹی کی ہدایات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے موثر سکیورٹی و ٹریفک انتظامات، سی پی او سید خالد محمود بھاٹی کا کہنا تھا کہ راولپنڈی پولیس کے 4500 سے زائد افسران سکیورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ہیکٹر افسران فیلڈ میں فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، روف ماپ سے پارکنگ تعینات کے گئے ہیں، سیف ٹی اور دیگر سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، سی پی او، ایس ایس پی او، ٹی ایس پی ایک ایک کی ہدایت پر پارکنگ ایریا، ریلوے اور بلیو ایریا کے اطراف گشت کر رہے ہیں، سی پی او، شہریوں کی سہولت کے لیے موثر ٹریفک انتظامات کیے

بجلی کی تار لگانے پر دو گروپوں میں تصادم، ایک شخص زخمی

فائرنگ کے زخمی کو فوری طور پر سول اسپتال جیکب آباد منتقل کر دیا گیا

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں بجلی کی تار لگانے کے تنازع پر سوشلی برادری کے دو گروپوں میں تصادم، ایک شخص گولی لگنے سے زخمی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے ایئرپورٹ قاسمی کے حدود رائل باغ کے قریب قاسمجو برادری کے دو گروپوں میں بجلی کی تار لگانے کے معاملے پر سوشلی برادری کے دو گروپوں میں جھگڑا ہو گیا جس دوران فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی ہو گیا، اطلاعات کے مطابق فائرنگ سے زخمی ہونے والے شخص کو گولی لگنے کے باعث شدید زخمی ہو گیا ہے جبکہ اس دوران فائرنگ کی آواز سن کر پولیس موقع پر پہنچ گئی، ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، زخمی کو فوری طور پر سول اسپتال جیکب آباد منتقل کر دیا گیا ہے، اطلاعات کے مطابق فائرنگ کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، بعد ازاں حالت تشویشناک ہونے پر اسے مزید علاج کے لیے لاڑکانہ منتقل کر دیا گیا۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام
خواتین کی خودمختاری کا عزم
بینظیر موبائل سِم نہیں
تو ادائیگی نہیں
صدرِ پاکستان کی خصوصی ہدایات پر اور
وزیر اعظم کے وژن برائے ڈیجیٹل معیشت کے تحت
بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی آئندہ سہ ماہی قسط اب صرف بذریعہ
ڈیجیٹل والٹ
ادا کی جائے گی
سِم کی حفاظت اپنے بٹوے کی طرح کریں
آخری تاریخ 15 جون 2026ء
PID (I) 9590-D/25
بینظیر سِم مفت حاصل کرنے کیلئے اپنے زیر استعمال موبائل کے ہمراہ قریبی بی آئی ایس پی دفتر تشریف لائیں۔
مزید معلومات یا رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن 0800-26477 پر رابطہ کریں
بینظیر کا بینظیر خواب - ہر عورت خود مختار، بااختیار
بینظیر انکم سپورٹ پروگرام
حکومت پاکستان
URAAN PAKISTAN
www.bisp.gov.pk /bisp_pakistan /bisp_pakistan /officialbisp /bisp_pakistan /bisp_pakistan

کوئٹہ، مرکزی قومی اسمبلی ملک عامل بازی، ملک شمین بازی، ملک شاہزاد بازی کے سربراہ امین اللہ و دیگر حلقے کی عوام جمع ہیں، رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

سرچ آپریشنز کے دوران 333 افراد، 132 گھروں، 16 ہوٹلز کی چیکنگ کی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز۔ سرچ آپریشنز کے دوران 333 افراد، 132 گھروں، 16 ہوٹلز، 41 ہوٹلز، 192 موٹر سائیکلوں اور 51 موٹر سائیکلوں کو چیک کیا گیا جبکہ پانچ مشکوک افراد، دس گاڑیاں اور 27 موٹر سائیکلوں کو مختلف خلاف ورزیوں میں بھی تحویل میں لیا گیا۔ مزید برآں پولیس قانونی اطور کے لئے ملوث ملزم کو گرفتار کر کے ایک عدد پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے سلسلے میں ایس ایس پی ٹریفک اسلام آباد قاضی علی رضا کی سربراہی میں ٹریفک ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ 333 افراد، 132 گھروں، 16 ہوٹلز، 41 ہوٹلز، 192 موٹر سائیکلوں اور 51 موٹر سائیکلوں کو مختلف خلاف ورزیوں کے دوران مشکوک افراد، دس گاڑیاں اور 27 موٹر سائیکلوں کو مختلف خلاف ورزیوں میں بھی تحویل میں لیا گیا۔

عوام کی بے لوث خدمت میری سیاست کا محور ہے، زرک مندوخیل

حلقے کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، رکن اسمبلی

متعلقہ حکام سے رابطہ کر کے حلقے کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے، لیکی رہنما

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عوامی خدمت ان کی سیاست کا محور ہے اور وہ اپنے حلقے کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ اتحاد، محبت اور باہمی احترام کا پیغام ہوتا ہے۔

مندوخیل کو عید کی مبارکباد دیتے ہوئے اپنے حلقوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ رکن اسمبلی نے وفود کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ حکام سے رابطہ کر کے ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عوامی مدد اور تعاون کے بغیر کوئی سیاست کامیاب نہیں ہو سکتی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اہل سیاسی قیادت کو آگے لایا جائے جو باصلاحیت، باوقار، مدبر اور تمام طبقات کے لیے قابل قبول ہو، جو نہ صرف سیاسی بصیرت رکھتی ہو بلکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہو۔ بلوچستان میں پائیدار امن صرف طاقت، وقتی سیاسی بندوبست سے ممکن نہیں بلکہ اعتماد، شراکت داری، سیاسی برداشت اور اجتماعی فیصلوں سے ہی قائم ہو سکتا ہے۔ آج بلوچستان میں بے چینی، محرومی، بے روزگاری اور احساس عدم شمولیت بڑھ رہا ہے۔ اگر ان مسائل کا بروقت اور سنجیدہ سیاسی حل نہ نکالا گیا تو اس کے اثرات نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے وفاقی پاکستان کے استحکام پر مرتب ہوں گے۔ بلوچستان کا امن دراصل پاکستان کے استحکام، قومی یکجہتی اور سیاسی معقولیت سے جڑا ہوا ہے۔ اسی لیے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت کو چاہیے کہ وہ محدود سیاسی مفاہمت کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے دیگر سیاسی جماعتوں کو بھی اعتماد میں لے، ایک وسیع الجہاد پالیسی اور جامع حکمت عملی وضع کی جائے، جس میں تمام اہم سیاسی جماعتوں، قوم پرست قیادت، قبائلی معززین، نوجوان نمائندوں، پارلیمانی قوتوں اور سیاسی شخصیات کو ساتھ شامل کیا جائے۔ کیونکہ بلوچستان جیسے حساس اور اہم صوبے کو محض سیاسی تجربات یا محدود اختیارات کے ذریعے نہیں چلایا جا سکتا۔ ملک بھر میں سیاسی قیادت کے صوبے کو حقیقی معنوں میں سیاسی استحکام، معاشی ترقی، عوامی شمولیت اور بلوچستان کی طرف سے اپنے فیصلوں پر اجتماعی اور دور اندیش فیصلے کیے جائیں۔ یہی مضبوط بلوچستان اور مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایڈیٹر کیلئے پروفیشنل معذور تعلق رکھنے والے ایم ایچ ایم (مبارکہ) ایڈیٹر کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ڈاؤن ٹاؤن ماڈل ٹاؤن کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر کیلئے موبیشر احمد

ٹیلیفون نمبر: 2821626-2821528-2829164-2835934-2830228 فیکس نمبر:

ای میل: mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 31 مئی 2026ء

بجٹ کی صدائے بازگشت۔ ترجیحات، چیلنجز اور امیدیں و توقعات

میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال 2-2026 کو حتمی شکل دے جارہی ہے اور پانچ جون ایوان بالا وقومی اسمبلی کے اجلاس طلب کئے گئے ہیں بتایا جارہا ہے کہ اگلے مالی سال کے بجٹ کا حجم 17.7 ٹریلین روپے، معاشی شرح نمو کا ہدف 4.1 فیصد تجویز ہے جبکہ اوسط مہنگائی 8.4 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ کسی بھی حکومت کی معاشی سمت، ترجیحات اور پالیسیوں کا سب سے واضح اور حقیقی آئینہ دار ہوتا ہے۔ حکومتیں اپنے سیاسی نعروں، انتخابی وعدوں اور عوامی دعوؤں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جن وسائل اور حکمت عملیوں کا انتخاب کرتی ہیں، ان کا سب سے جامع اظہار بجٹ دستاویز میں ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سال بجٹ کی آمد سے قبل ملک کے مختلف طبقات میں بے چینی، امید اور توقعات کا ایک منفرد ماحول پیدا ہو جاتا ہے۔ تاجر برادری اپنی کاروباری سہولتوں کی منتظر ہوتی ہے، صنعتکار مراعات کی توقع رکھتے ہیں، کسان زرعی شعبے کے لئے خصوصی اقدامات کے خواہاں ہیں جبکہ سرکاری ملازمین، پنشنرز اور عام شہری اپنی مشکلات میں کمی اور زندگی میں آسانی کے منتظر ہوتے ہیں۔ آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ کی تیاری اپنے آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے۔ وفاقی حکومت نے قومی اسمبلی اور سینٹ کے بجٹ اجلاس پانچ جون کو طلب کر لئے ہیں جبکہ اسی قومی اقتصادی کونسل اور وفاقی کابینہ کے اہم اجلاس بھی منعقد ہو چکے ہیں۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ پاکستان اس وقت شدید معاشی چیلنجز سے دوچار ہے۔ ایک طرف محدود مالی وسائل، بڑھتا ہوا قرضہ، قرضوں کی ادائیگیوں کا بڑھتا ہوا شیشے کے مسائل اور مالیاتی خسارہ موجود ہے، تو دوسری طرف عوام مہنگائی، بے روزگاری اور قوت خرید میں مسلسل کمی کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں عام آدمی کی زندگی پر معاشی دباؤ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس، ایندھن اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتوں میں اضافے نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقات کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں بجٹ محض ایک مالیاتی دستاویز نہیں بلکہ کروڑوں پاکستانیوں کی امیدوں کا مرکز بن جاتا ہے۔ حکومت کے لئے یہ ایک کڑا امتحان ہے کہ وہ محدود وسائل کے باوجود عوامی توقعات اور معاشی حقیقتوں کے درمیان توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو سکے۔ اگر چہ موجودہ نظم و ضبط، مالیاتی انضباط اور معاشی اقدامات کو سراہا جا رہا ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس وقت ملک کے تمام طبقات کی نظریں آئندہ بجٹ پر مرکوز ہیں اور ہر شخص یہ جاننا چاہتا ہے کہ حکومت اس کی مشکلات میں کمی کے لئے کیا اقدامات کرنے جا رہی ہے۔ اس تناظر میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے حالیہ بیانات خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے ایک خصوصی انٹرویو میں واضح طور پر اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ حکومت کو عوام کی مشکلات اور توقعات کا مکمل احساس ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ بجٹ میں عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یقیناً یہ حوصلہ افزا پیغام ہے۔ مزید یہ کہ انہوں نے نئے ٹیکس عائد کرنے کے بجائے انفورسمنٹ بہتر بنانے، ٹیکس چوری، کرپشن اور ریونیو لیکیج کے خاتمے پر زور دیا ہے۔ اگر حکومت واقعی اس سمت میں مؤثر اقدامات کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ مصرف قومی خزانے کے لئے فائدہ مند ہوگا بلکہ اپنا مدار ٹیکس دہندگان پر اضافی بوجھ ڈالنے کی ضرورت بھی کم ہو جائے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں ٹیکس نظام طویل عرصے سے عدم توازن کا شکار ہے۔ ملک کی بڑی معیشت ابھی تک ٹیکس نیٹ سے باہر ہے جبکہ محدود دقیقہ تی آمدن کا بڑا حصہ ٹیکسوں کی صورت میں ادا کرتا ہے۔ ایسی صورتحال میں ہر سال نئے ٹیکسوں کا نفاذ عوامی بے چینی میں اضافہ کرتا ہے۔ اگر حکومت ٹیکس دائرہ کار کو وسیع کرنے، ڈیجیٹل نظام متعارف کرانے، کرپشن کے راستے بند کرنے اور محصولات کو وصولی کو شفاف بنانے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہوگی۔ وزیر خزانہ کے بیانات اسی سمت کی نشاندہی کرتے ہیں، تاہم اصل اہمیت ان اعلانات کے عملی نفاذ کی ہوگی۔ محمد اورنگزیب نے اپنے انٹرویو میں سیاسی جماعتوں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ تنقید برائے تنقید کے بجائے قومی مصلحت کے انتظام کے لئے مشترکہ کردار ادا کریں۔ ان کا یہ موقف حقیقت پسندانہ دکھائی دیتا ہے کیونکہ معاشی استحکام محض حکومت وقت کی ذمہ داری نہیں بلکہ قومی اتفاق رائے کا تقاضا کرتا ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں مشکل معاشی فیصلوں کے دوران سیاسی قوتوں نے وسیع تر قومی مفاد کو ترجیح دی اور اسی کے نتیجے میں دیرپا اصلاحات ممکن ہوئیں۔ پاکستان بھی اس وقت ایسے ہی ایک نازک مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں سیاسی محاذ آرائی کے بجائے معاشی ایجنڈے پر قومی ہم آہنگی کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ محسوس کی جا رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے زرعی شعبے کی ترقی، جدید بیج اور نئی ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے پیداوار بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے جو ہماری زرعی معیشت میں زراعت

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام شہریان سے گزارش ہے کہ اپنے بچے کو سکول بھیجنے یا شناختی کارڈ بنوانے کے لئے ہمارے ادارہ "ڈیلی ڈاکومنٹ" کی خدمات حاصل کریں۔ ہم آپ کے بچے کو سکول بھیجنے کے لئے ضروری ڈاکومنٹ مثلاً ب فارم، ڈومیسائل، ٹرانسفر سرٹیفکیٹ، ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹ، ڈپلیکیٹ ڈگری، ڈپلیکیٹ ڈومیسائل، ڈپلیکیٹ ب فارم، ڈپلیکیٹ شناختی کارڈ، ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس، ڈپلیکیٹ پاسپورٹ، ڈپلیکیٹ ایف آئی آر، ڈپلیکیٹ ایف بی آر سرٹیفکیٹ، ڈپلیکیٹ ایف بی آر ریٹرن، ڈپلیکیٹ ایف بی آر ٹیکس سرٹیفکیٹ، ڈپلیکیٹ ایف بی آر ٹیکس ریکارڈ

روزنامہ مشرق کوئٹہ

فرنچ اوپن میں ایک اور اپ سیٹ سابق چیمپئن جوکووچ بھی ہار گئے

برازیل کے زاؤ فونسیکا نے پانچ سیٹ کے مقابلے میں شکست دی، دونوں کے درمیان مقابلہ تقریباً پونے پانچ گھنٹے جاری رہا

فرنچ اوپن کا یہ دوسرا بڑا اپ سیٹ ہے اس قبل ٹاپ سیڈ یانک سینر کو دوسرے راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا

پیرس (آن لائن) فرنچ اوپن میں ایک اور اپ سیٹ، سابق چیمپئن نوک جوکووچ فرنچ اوپن سے باہر ہو گئے، انہیں برازیل کے زاؤ فونسیکا نے پانچ سیٹ کے مقابلے میں شکست دی، دونوں کے درمیان مقابلہ تقریباً پونے پانچ گھنٹے جاری رہا، جوکووچ کا فیصلہ پانچویں سیٹ میں ہوا۔ فرنچ اوپن میں اپ سیٹ شکست کا سلسلہ جاری ہے، ایک اور اپ سیٹ اس وقت سامنے آیا جب سابق چیمپئن نوک جوکووچ کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دے کر فرنچ اوپن سے آخر دیا۔ پہلے دو سیٹ نوک جوکووچ نے با آسانی جیت لیے اور چوتھا سیٹ جیت کر برتری حاصل کی، لیکن پھر نوجوان مقابلی زاؤ فونسیکا نے دو سیٹیں اور کھیل کر پانچویں سیٹ جیت لیا، دو تیسرے سیٹ میں برازیل کے مقابلی نے چوتھے تین سے کامیابی حاصل کی چوتھا اور پانچواں سیٹ گانے کا راجیان برازین مقابلی نے سات بار اپنی اور سات بار اپنی سیٹ جیت کر فرنچ اوپن کا یہ سب سے بڑا اپ سیٹ کر دیا۔ فرنچ اوپن کا یہ دوسرا بڑا اپ سیٹ ہے اس قبل ٹاپ سیڈ یانک سینر کو دوسرے راؤنڈ میں اپ سیٹ شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

سندھ مردانہ خواتین ٹیلنٹ ہنٹس کے چناؤ کے سلسلہ میں فرائڈے (آج) کراچی میں ہونگے

کراچی (این این آئی) سندھ ٹیلنٹ ایسوسی ایشن کے زیر سندھ مردانہ خواتین ٹیلنٹ ہنٹس کے چناؤ کے سلسلہ میں فرائڈے (آج) اتوار 31 مئی کو سپر سپرین ہیلتھ کلب ایس ایم ٹی ڈی بی یونیورسٹی کراچی میں شروع ہونگے۔ سندھ ٹیلنٹ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری اظہر میمن نے بتایا کہ ٹیلنٹ ہنٹس کے چناؤ کے موقع پر ٹیلنٹ شوکیس شو میں شرکت کریں گے جو 7 جون کو قیوم سٹیڈیم پر شروع ہوگا جبکہ 10 جون تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائلز کے وقت کھلاڑی عمر کے ثبوت کے لیے اپنے ہمراہ شناختی کارڈ اور ب/فارم کے علاوہ دیگر کوئی دستاویز لائیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کی سلیکشن کے لیے جاری سلیکشن کمیٹی کا قائم کردہ کی ہے جن میں ایرا حسین محمد شریف، شہباز احمد اور اکبر صوفی شامل ہیں۔ ٹرائلز کے دوران کھلاڑیوں کی سلیکشن میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔

راولپنڈی، پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلے ایک روزہ میچ کا ٹاس کرنے کے لیے دونوں کپتان ٹاس کا انتظار کر رہے ہیں

پاکستان ایک ہزار ون ڈے میچز کھیلنے والی تیسری ٹیم بن گئی

آسٹریلیا کے خلاف یادگار میچ آسٹریلوی کپتان جوش انگلس نے پاکستانی کپتان کو سوسٹر پیش کیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیم ایک ہزار ون ڈے میچز کھیلنے والی تیسری ٹیم بن گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ٹیم آج راولپنڈی اسٹیڈیم میں آسٹریلیا مدمقابل ہے جو اس کا ہزارواں ون ڈے میچ ہے۔ آسٹریلیا کے خلاف یادگار میچ آسٹریلوی کپتان جوش انگلس نے پاکستانی کپتان کو سوسٹر پیش کیا۔ کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا کہ اس تاریخی موقع پر پاکستان کی نمائندگی کرنے پر فخر محسوس کر رہا ہوں۔ واضح رہے انگلینڈ اور بھارت کے نمبر سب سے زیادہ ون ڈے میچز کھیلنے والوں میں بالترتیب پہلے اور دوسرے نمبر پر ہیں۔

سندھ مردانہ خواتین ٹیلنٹ ہنٹس کے چناؤ کے سلسلہ میں فرائڈے (آج) اتوار 31 مئی کو دن 11 بجے، سٹی پارک گراؤنڈ، گلشن میں منعقد ہونگے

گلشن (این این آئی) گلشن ٹیلنٹ ایسوسی ایشن کے زیر گلشن ٹیلنٹ ہنٹس کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ فرائڈے (آج) اتوار 31 مئی کو دن 11 بجے، سٹی پارک گراؤنڈ، گلشن میں منعقد ہونگے۔ گلشن ٹیلنٹ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری مرزا سکندر نے بتایا کہ مختلف مرد اور خواتین ٹیموں کے کھلاڑی ٹیلنٹ ہنٹس کے ٹیلنٹ شوکیس شو میں شرکت کریں گے جو ٹیلنٹ شو 7 سے 10 جون تک قیوم سٹیڈیم پشاور میں کھیل جائے گی۔ گلشن ٹیلنٹ مرد اور خواتین ٹیموں کی سلیکشن کے لئے چار رکنی سلیکشن کمیٹی مرزا سکندر کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ہے دیگر ارکان میں، نثار احمد، امتیاز احمد اور جہانگیر حسین شامل ہیں۔ گلشن ٹیلنٹ ایسوسی ایشن کے ترجمان مدثر امان نے کہا کہ ٹرائلز میں شرکت کروانے والے کھلاڑی اپنے ہمراہ شناختی کارڈ، ایف آر بی یا ب فارم لازمی لائیں اور نہ لانے کی صورت میں ٹرائلز میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

آسٹریلیا کے خلاف میچ کھیلنے والی تیسری ٹیم بن گئی

راولپنڈی (آن لائن) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کی منیجر کیتھرین وائٹ میں کا پاکستان ٹیم کے ڈریسنگ روم کا دورہ

پاکستانی اسکواڈ کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد کیلئے خواہشات کا اظہار شاہین آفریدی کو صحتیابی پیش کی

راولپنڈی (آن لائن) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کی منیجر کیتھرین وائٹ میں نے پاکستان ٹیم کے ڈریسنگ روم کا دورہ کیا، کیتھرین وائٹ میں نے پاکستانی اسکواڈ کو عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ون ڈے سیریز کے آغاز سے قبل

1 — مذاکرات

کہ بندی اور مذاکرات میں ضرورت سے زیادہ مطالبات ایک بار پھر بہت کم ہو گئے ہیں کہ امریکا مذاکرات کے لیے بلیو ڈیٹس، دو ڈیکر مطالبات کو حل میں لگا ہے۔ دوسری جانب ایران وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ جو ہمری فرامرکو پر کوئی مذاکرات نہیں کر رہے، تو نیو بنگ کے خاتمے پر اب تک امریکا سے کسی کمی کا کوئی معاہدہ نہیں ہوا۔ آبنائے ہرمز کے انتظام کا فیصلہ ایران اور عمان کریں گے۔ دوسری جانب امریکہ ایران کے ساتھ دوبارہ جنگ شروع کرنے کے ساتھ موجود ہیں اور واشنگ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ تیران کے ساتھ اس بات کی کوئی معاہدہ نہیں کر رہے جب کہ دو ماہ کی تمام شرائط پر پورا نہیں اترتا۔ نیو فیلڈ ٹرمپ سال اور اسے کے مطابق یہ پیش رفت مثبت و منفی کو اپنی پالیسی میں ایک اور اعلیٰ معیشت پر بلاکر کے پیٹ میں ہے۔ ایران نے اعلان کیا ہے کہ ہم نے تاخیر کے آغاز کے ٹیش وعدہ سامنے ہوئے اور ہم نے اعلان کیا ہے کہ پاکستانی ثالثی میں جاری مذاکرات کے بارے میں متنوں کے مقابلہ بیانات اور پروٹوں کے بعد ترمپ ایران کے ساتھ معاہدے کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے ہفتے بھر دیا ہے۔ ہاؤس بلاس نے اعلان کیا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ تیران کے ساتھ اس بات کی کوئی معاہدہ نہیں کر رہے جب کہ دو ماہ کی تمام شرائط پر پورا نہیں اترتا۔ نیو فیلڈ ترمپ سال اور اسے کے مطابق یہ پیش رفت مثبت و منفی کو اپنی پالیسی میں ایک اور اعلیٰ معیشت پر بلاکر کے پیٹ میں ہے۔ ایران نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے انتظام کا فیصلہ ایران اور عمان کریں گے۔ دوسری جانب امریکہ ایران کے ساتھ دوبارہ جنگ شروع کرنے کے ساتھ موجود ہیں اور واشنگ ہاؤ

خوش آمدید

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر قومی اسمبلی کے رکن مولانا فضل الرحمٰن 4 جون بروز جمعرات کوئٹہ میں قحط دیگی مارس حقوق بلوچستان کانفرنس سے خصوصی خطاب کریں گے تمام مسلمانوں سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں

منجانب:۔ امیر جمعیت علماء اسلام تحصیل حرمزئی

خوش آمدید

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر قومی اسمبلی کے رکن مولانا فضل الرحمٰن 4 جون بروز جمعرات کوئٹہ میں قحط دیگی مارس حقوق بلوچستان کانفرنس سے خصوصی خطاب کریں گے تمام مسلمانوں سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں

منجانب:۔ جمعیت علماء اسلام تحصیل پشین

خوش آمدید

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر قومی اسمبلی کے رکن مولانا فضل الرحمٰن 4 جون بروز جمعرات کوئٹہ میں قحط دیگی مارس حقوق بلوچستان کانفرنس سے خصوصی خطاب کریں گے تمام مسلمانوں سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں

منجانب:۔ جمعیت علماء اسلام ضلع پشین

خوش آمدید

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر قومی اسمبلی کے رکن مولانا فضل الرحمٰن 4 جون بروز جمعرات کوئٹہ میں قحط دیگی مارس حقوق بلوچستان کانفرنس سے خصوصی خطاب کریں گے تمام مسلمانوں سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں

منجانب:۔ مولانا محمد ہاشم چیئرمین U/C فیوتو بہ کاکڑی

کوئٹہ نئی پیٹرول پمپ مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن 68 سیل 57 افراد حراست میں

منافع خوروں کے ساتھ سخت باتوں سے نمٹا جائے گا شہریوں کے مفادات کے تحفظ پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کریک ڈاؤن کی اسسٹنٹ کمشنر زمٹی 'مریاب' صدر' کلکاٹ اور اسٹیشن مجسٹریٹس نے خودگھرانی کی

کوئٹہ (ر ن) زیارتی بلوچستان میں سرفراز ڈنی کے احکامات اور عوامی شکایات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ بادینی کی ہدایت پر ضلع پمپ مافیا کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا اس موقع پر 68 سیل پٹرول پمپ سیل کر کے 52 افراد کو حراست میں لیا گیا کاروائیاں سب ڈویژن سٹی، صدر، سریاب اور کلکاٹ میں کی گئیں ان کاروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 40 خلاف ورزیاں سامنے آئیں